کتاب کا نام: اسلامی قمری کیلنڈر علم فلکیات کی روشنی میں

مؤلف: پروفیسر محمد الیاس

مترجمین: ڈاکٹر حافظ محمد طفیل' حفیظ احمد' ڈاکٹر عمر سعید

نظر ثانی و تدوین: ڈاکٹر ایم ایم قریشی' ڈاکٹر اطہر حسین' ڈاکٹر اسماء صدیقی

ناشر: پاکستان سائنس فاؤنڈیشن پاکستان اکیڈیمی آف سائنسز (اسلام آباد)

صفحات: ۲۸۴

اسلامی تہذیب میں قمری حساب کی نہایت اہمیت ہے تمام اسلامی تہوار اور فرائض کی ادائیگی کے اوقات کا تعین قمری حساب سے ہی کیا جا سکتا ہے۔ بدقسمتی سے اس وقت صورت حال کچھ یوں ہو چکی ہے کہ قمری مہینے کی پہلی تاریخ کے تعین میں ایک خطے میں بھی کئی آراء ہوتی ہیں۔جس کے نتیجے میں ایک ہی علاقے کے لوگ مذہبی فرائض اور دینی شعائر مختلف اوقات میں ادا کرتے ہیں۔بعض مرتبہ ایک ملک میں تین تین عیدیں بھی منائی جاتی ہیں۔

اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ قمری حساب کی طرف مسلمان بطور خاص توجہ دیں۔

پروفیسر محمد الیاس جو کہ علم فلکیات پر بین الاقوامی شہرت یافتہ مسلم سائنسدان ہیں' نے اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے بین الاقوامی قمری خط تاریخ (1.7. Dateline) پر کام کیا ان کی کوششوں کی بنا پر اسلامی بین الاقوامی کیلنڈر کا قیام جدید علم نجوم اور اسلامی تہذیب کے میدان میں گرانقدر کاوش کے طور پر سامنے آیا ہے۔

اس سلسلے کی ایک اہم کڑی آپ کی کتاب "A Modern Guide to Astronomical Calculation of Islamic Calander, time and

"kibla" ہے جو کہ 1984ء میں طبع ہوئی۔

''اسلامی قمری کیلنڈر علم فلکیات کی روشنی میں'' دراصل پروفیسر محمد الیاس کی اس کتاب کی اردو شکل ہے۔

یہ کتاب پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔

پہلے دو ابواب میں شمسی اور قمری کیلنڈر کا ارتقاء اور شمسی و قمری کیلنڈر کا باہم موازنہ پیش کیا گیا ہے۔ تیسرے اور چوتھے ابواب میں اسلامی قمری کیلنڈر کی بنیاد اور موجودہ شکلوں کے تذکرے کے بعد نئے چاند کی رؤیت کے حوالے سے مفید اور گرانقدر علمی بحث کی گئی ہے۔ آخری باب میں مؤلف کے بین الاقوامی خط تاریخ (International Dateline) کے ماہانہ عملی تجربے اور اس کی مدد سے قمری کیلنڈر کی تیاری کا مفصل بیان ہے۔

یوں تو یہ کتاب نہایت مفید اور بہت سی خوبیوں کا مجموعہ ہے البتہ کتاب کی سب سے نمایاں خوبی یہ ہے کہ اس میں قمری تاریخ کے تعین کرنے میں دینی اور سائنسی ہر دو پہلوؤں کو ہم آہنگ کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔ کتاب میں تھیوری کو نقشوں کی مدد سے واضح کیا گیا ہے۔ معنوی حسن کے ساتھ ساتھ کتاب ظاہری حسن مثلاً اچھی جلد بندی، محتاط کتابت اور خوبصورت پرنٹنگ میں ہوتی تو زیادہ اچھا ہوتا۔

امید ہے کہ یہ کتاب مذہبی فرائض اور دینی شعائر کی ادائیگی کے اوقات میں یگانگت کا باعث بنے گی۔ اس کتاب کا ترجمہ کرنے والے اور اسے شائع کرنے والے مبارک باد کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ انھیں جزائے خیر عنایت فرمائے۔

(معین الدین ہاشمی)

لیکچرر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد